حافظ عبدالجبار عمر
(ڈجکوٹ، فیصل آباد)

حمد باری تعالیٰ

اے خالقِ کُل ، اے رازقِ کُل ، اے حاکمِ کُل !
ذرہ ذرہ کائنات کا بول رہا ہے حمد تیری

حاجت روا اور مشکل کشا ہے تو کُل جہاں کا
تُو ہی دے رہا ہے زباں پہ یہ جاری ہے حمد تیری

تُو کریم اور اکرم بھی تُو رحیم اور ارحم بھی
شاہ و گدا سب ہی کر رہے ہیں حمد تیری

ہر اک چیز ہے مدح سرا ہر اک کی زباں پہ تیری ثناء
شجر و حجر ، بحر و برّ میں بھی جاری ہے حمد تیری

ہو جبیں میری دَر تیرا میں ساجد تُو مسجود میرا
انبیاء و اولیاء بھی کر رہے ہیں یہی حمد تیری

لیل و نہار صبح و مَسا و شام و سحر
حالتِ نزع میں بھی ہو جاری زباں پہ حمد تیری